# URDU ELECTIVE

**CLASS XII (2020-2021)**

**TIME : 3 Hrs.** | **SUBJECT - URDU** | **M.M.: 80**

سوال 1 درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے۔ 5

پندرہویں صدی اور سولہویں صدی میں ہندوستان میں دو بڑے مشہور ریفارمر سنت کبیر اور بابا گرو نانک تھے کبیر ضلع بستی کے رہنے والے تھے۔ وہ بے لوث عبادت اور سچّی روحانیت کا پیغام لے کر آئے تھے ان کے دوہے آج بھی خاص و عام لوگوں میں یکساں مقبول ہیں اور دکھے ہوئے دلوں پر مرہم کا کام کرتے ہیں گرو نانک نیکی اور پاکبازی کا نور بن کر پنجاب کی زمین سے ابھرے۔ ان کی روحانی آواز نے خدا پرستی اور کھری انسانیت کا عام پرچار کیا کبیر کا زیادہ تر کلام پوربی زبان میں ہے جو ان کے علاقہ کی زبان تھی گرو نانک کی تعلیمات اور شاعری پنجابی زبان میں ہے لیکن ان دونوں کے کلام میں خاص بات یہ ہے کہ دونوں کے یہاں انسان دوستی عالم امن، خیر سگالی اور وطن کی محبت کے جذبات ہیں۔ دونوں نے اعلیٰ اخلاقی قدروں کی تعلیم دی ہے۔

i- کبیر اور گرونانک کا زمانہ کون تھا؟

ii- گرونانک نے کس چیز کا پرچار کیا؟

iii- کبیر کی شہرت کی وجوہات کیا کیا ہیں؟

iv- گرونانک اور کبیر کی شاعری اور تعلیمات کس زبان میں ہیں؟

v- دونوں کے کلام کی خاص خوبیاں کیا ہیں؟

یا

لومڑی بھی خرگوش کی طرح اپنا بل زمین کے اندر بناتی ہے اس کے بل میں بھی آنے جانے یا خطرے کے وقت نکل بھاگنے کے لئے بہت سے منہ ہوتے ہیں اس طرح کے بل خود محنت کر کے بھی بنائے جاتے ہیں اور موقع مل جائے تو خرگوش وغیرہ کے پہلے سے بنے بنائے بل پر قبضہ کر کے بھی تیار کئے جا سکتے ہیں دن کی روشنی میں آنکھیں چندھیاتی ہیں اس لئے وہ زیادہ تر رات کو ہی شکار کے لئے باہر نکلتی ہیں۔ ہاں اگر بھوک نے زیادہ پریشان کیا خاص طور سے اس زمانے میں جب دودھ پینے والے بچے ہوں، تو مجبوراً دن میں بھی شکار کی تلاش میں باہر نکلتی ہیں لومڑیاں ایک جھول میں تین سے آٹھ بچے دیتی ہیں کتّے بلّی بچوں کی طرح لومڑی کے بچوں کی طرح لومڑی کے بچوں کی آنکھیں بھی پیدائش کے وقت بند ہوتی ہیں جن کے کھلنے میں چھ سات دن لگ جاتے ہیں۔ لومڑیوں کی قوت شامہ یعنی سونگھنے کی طاقت بہت تیز ہوتی ہے یہی حال سننے اور دیکھنے کا ہے خطرے کا احساس ہوتے ہی بچاؤ کے جھٹ پٹ فیصلہ آناً فاناً اس پر عمل کرنے میں کوئی جانور اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا شاید ان ہی خوبیوں کی وجہ سے لومڑی کو ایک فریبی اور چالاک جانور بتایا جاتا ہے۔

i- لومڑی اپنے بل کہاں بناتی ہے؟

ii- لومڑی دن کے وقت اپنے بل سے کیوں بہت کم نکلتی ہے؟

iii- لومڑیاں ایک جھول میں کتنے بچے دیتی ہیں؟

iv- لومڑں کو سونگھنے کی طاقت کم ہوتی ہے یا زیادہ؟

v- خطرہ محسوس کرنے پر لومڑی کیا کرتی ہے؟

سوال2 درج ذیل شعری غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے۔ 5

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے — چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے
قفس اداسی ہے یارو صبا سے کچھ تو کہو — کہیں تو بہر خدا آئے ذکرِ یار چلے
بڑا ہے درد کا رشتہ یہ دل غریب سہی — تمہارے نام پہ آئیں گے غمگسار چلے
جو ہم پہ گزری مگر نشبِ ہجراں — ہمارے اشک تری عاقبت سنوار چلے
مقام فیض کوئی راہ جچا ہی نہیں — جو کوئے یار سے نکلے تو ہو کے دار چلے

i- کون اداس بیٹھا ہے؟

ii- شاعر کس کا کاروبار چلنے کی بات کر رہا ہے؟

iii- شبِ ہجراں کے مطلب بتاؤ؟

iv- عاقبت کون سنوار رہا ہے؟

v- جو کوئی یاد سے نکلے تو........................ چلے

یا

بارش ہوئی تو پھولوں کے تن چاک ہو گئے — موسم کے ہاتھ بھیگ کے سفاک ہو گئے
بادل کو کیا خبر ہے کہ بارش کی چاہ میں — کیسے بلند و بالا شجر خاک ہو گئے
جگنو کو دن کے وقت پرکھنے کی ضد کریں — بچے ہمارے عہد کے چالاک ہو گئے
لہرا رہی ہے برف کی چادر ہٹا کے گھاس — سورج کی شہہ پہ تنکے بھی بے باک ہو گئے
بستی میں جتنے آب گذیدہ تھے سب کے سب — دریا کے رخ بدلتے ہی تیراک ہو گئے

-i کس کے تن چاک ہو گئے؟

-ii کس کے ہاتھ بھیک کے سفاک ہو گئے؟

-iii خاک میں کون برباد ہو گیا؟

-iv کس کے پرکھنے کی ضد نہ کریں؟

-v کون لوگ چالاک ہو گئے؟

مندرجہ ذیل سوالات میں سے کنہی چار سوالوں کا جواب لکھئے۔

Attempt any 4 out of 5 questions.

سوال3 مندرجہ ذیل سوالات میں سے کنہیں سولہ سوالوں کے جوابات دیجئے۔ 4

(1) 'امراؤ جان ادا'' میں کس کی کہانی بیان ہے؟

(1) بیوہ (2) طوائف

(3) امرہ (4) اختری

(2) خورشید الاسلام کی وفات کہاں ہوئی:

(1) دہلی (2) لکھنؤ

(3) آگرہ (4) متھرا

(3) فوٹوگرافر کے مصنف ہیں۔

(1) قراۃالعین حیدر (2) سرنیدر پرکاش

(3) اقبال مجید (4) شفیع جاوید

(4) ''میں وہ'' ہے۔

(1) افسانہ (2) آپ بیتی

(3) یادیں (4) رپورتاژ

(5) ''زرپتوں کی بہار''

(1) طنزومزاح (2) سفرنامہ

(3) خاکہ (4) انشائیہ

مندرجہ ذیل سوالات میں سے کنہی چار سوالوں کا جواب لکھئے۔

Attempt any 4 out of 5 questions.

سوال۴۔ (1) اب بھاگتے ہیں ساۓ عشقِ.........سے ہم

(1) بتاں (2) خزاں

(3) مہرباں (4) آسماں

(2) حالی کی پیدائش ہوئی

(1) پانی پت (2) سونی پٹ

(3) آگرہ (4) لکھنؤ

(3) الطاف حسین حالی اصلاح....

(1) غالب (2) نواب مصطفیٰ خاں

(3) شیفتہ (4) رئیس

(4) ''حیات سلام'' کب لکھی گئی؟

(1) ۱۸۸۶ (2) ۱۸۹۴

(3) ۱۹۰۱ (4) ۱۹۱۵

(5) انشائیہ کی ابتداء کس نے کی؟

(1) سر سید احمد خاں (2) مولوی نذیر احمد

(3) سلطان چندولوس (4) سجاد الضاری

مندرجہ ذیل سوالات میں سے کنہی چار سوالوں کے جواب لکھئے۔

Attempt any 4 question out of 5 questions

سوال۵۔(1) ن-م-راشد کا نام ہے 4

(1) نفیس محمد (2) نقیب محمد

(3) نذر محمد (4) محمد احمد

(2) عمیق حنفی کا انتقال کہاں ہوا۔

(1) دہلی میں (2) جیدآباد میں

(3) اندور میں (4) مہو میں

(3)''طرز'' کا مطلب ہے۔

(1) انداز (2) راستہ

(3) کھیت (4) میدان

(4) منہمک کا مطلب ہے۔

(1) مصروف (2) مقبول

(3) نادر (4) معمتہ

(5)''گرفت'' کا مطلب ہے

(1) آرام (2) نادم

(3) پکڑ (4) سخاوت

مندرجہ ذیل سوالات میں سے کنہی چار سوالوں کے جواب لکھئے۔

Attempt any 4 question out of 5 questions

سوال۶۔(1)''نذر کرنا'' مطلب ہے 4

(1) بات (2) تکرار

(3) پیش کرنا (4) سالار

(2)''تائب مطلب ہے

(1) معاف کرنے والا (2) غلطی کرنے ولا

(3) توبہ کرنے والا (4) محرک

(3)''دنیا کے ہر سماج کے لوگ ایک دوسرے تک اپنی بات ہی کے ذریعہ پہنچاتے ہیں۔

(1) سلام (2) لڑائی

(3) مہربانی (4) زبان

(4) اردو کی ابتداء کا پہلا نظریہ ہے

(1) مولانا سید سلیمان ندوی　(2) محمد بن قاسم

(3) محمد حسین آزاد　(4) ڈاکٹر نصیر الدین ہاشمی

(5) ہندوستان کا بہت بڑا لسانی ورثہ ہے

(1) فارسی　(2) عربی

(3) انگریزی　(4) اردو

مندرجہ ذیل سوالات میں سے چار سوالوں کے جواب لکھئے۔

Attempt all 4 questions.

سوال ۷۔(1) اردو زبان کے خط وخال کب بننے شروع ہوئے؟ 4

(1) بارہویں صدی کے پہلے　(2) بارہویں صدی کے بعد

(3) بارہویں صدی کے آخر میں　(4) گیارہویں صدی میں

(2) شمال ہندوستان میں اردو شاعری کا آغاز کب ہوا

(1) بارہویں صدی میں　(2) تیرہویں صدی میں

(3) بیسویں صدی میں　(4) اکیسویں صدی میں

(3) لفظ ''خاکہ'' ترجمہ ہے

(1) ہندی کا　(2) فارسی کا

(3) انگریزی　(4) عربی کا

(4) احمد جمال پاشا کا اصلی نام ہے۔

(1) شجاعت پاشا　(2) حمایت پاشا

(3) محمد نزہت پاشا　(4) رفیق پاشا

درجذیل سبھی سوالوں کا جواب لکھئے۔

Attempt all 5 MCQ questions.

سوال 8۔ درج ذیل نثری درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس کے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے: 5

۱۹۳۷ کی گرمیوں کے شروع میں پنجاب کسان کمیٹی کا سالانہ اجلاس امرتسر میں ہونا قرار پایا ہے صوبہ متحدہ کسان سبھا کے کارکنوں کی حیثیت سے ڈاکٹر اشرف کو اور مجھے اس کانفرنس میں شرکت کے لئے مدعو کیا گیا تھا۔ ہم دونوں اس کے آرزومند بھی تھے اس لئے کہ پنجاب کی کسان تحریک ہمارے صوبہ کی کسان تحریک سے زیادہ مضبوط تھی اور ہم چاہتے تھے کہ اپنی آنکھوں سے پنجاب کے جری اور آزادی خواہ کسان عوام کو ہزاروں کی تعداد میں ایک جگہ پر جمع دیکھیں ان کے اتحاد طاقت اور انقلابی جذبے کا ذاتی تجربہ کریں اور اس طرح خود اپنے انقلابی شعور کو وسعت دیں۔

اس کے چند دنوں بعد مجھے اطلاع ملی کہ اس موقع پر پنجاب کے ترقی پسند مصنفین نے بھی امرتسر میں اپنی کانفرنس کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ چونکہ یہ ان کی پہلی صوبائی کانفرنس ہے جس کے بعد لاہور اور امرتسر کے علاوہ دوسرے مقامات پر بھی انجمن کی شاخیں قائم ہونے کی امید کی جاتی ہے اس لئے کل ہند جنرل سکریٹری کی حیثیت سے میری شرکت اس کانفرنس میں ضروری ہے۔

i- پنجاب کسان کمیٹی کا سالانہ اجلاس کب قرار پایا؟

(1) 1937 میں     (2) 1932 میں

(3) 1935 میں     (4) 1940 میں

ii- درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(1) میں وہ     (2) سکون کی نیند

(3) روشنائی     (4) اس آباد خرابے میں

iii- درج بالا اقتباس کے مصنف ہیں؟

(1) اختر الایمان     (2) سجاد ظہیر

(3) شفیع جاوید     (4) اقبال مجید

iv- کل ہند جنرل سکریٹری کی حیثیت سے کس کی شرکت ہوئی؟

(1) ڈاکٹر اشرف کی     (2) مصنف کی

(3) اختر الایمان     (4) اقبال مجید کی

v- پنجاب کسان کمیٹی کا اجلاس کس شہر میں ہوا؟

(1) پانی پت میں     (2) امرتسر میں

(3) گجرانوانہ میں (4) دہلی میں

Attempt All 5 MCQ questions

سوال9۔درج ذیل شعری درسی اقتباس کوغور سے پڑھئے اوراس کے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے: 5

جب لگیں زخم تو قاتل کو دعا دی جائے ہے یہی رسم نو یہ اٹھا دی جائے
دل کاوہ حال ہو اہے غم دور ان کے تلے جیسے اک لاش چٹانوں میں دبا دی جائے
ہم نے انسانوں کے دکھ درد کا حل ڈھونڈ لیا کیا برا جو یہ افواہ اڑا دی جائے
ہم کو گذری ہو ئی صدیاں تو نہ پہچانیں گی آنے والے کسی طرح کو صدا دی جائے
انہیں گل رنگ دریچوں سے سحر جھا نکے گی کیوں نہ کھلتے ہوئے زخموں کو دعا دی جائے

ہم سے پوچھو کہ غزل کیا ہے، غزل کا فن کیا
چند لفظوں میں کوئی آگ چھپا دی جائے

i- شاعرنے کس کا حل ڈھونڈ لیا؟

(1) حیوانوں کے (2) جانوروں کے
(3) انسانوں کے (4) فرشتوں کے

ii- درج بالا اشعار کی کون سی صنف ہے؟

(1) نظم (2) غزل
(3) مثنوی (4) رباعی

iii-درج بالا اشعار کے شاعر ہیں؟

(1) معین احسن جذبی (2) ناصر کاظمی
(3) الطاف حسین حالی (4) جاں نثار اختر

iv-زخم لگنے پر شاعر کس کو دعا دینے کی بات کر رہا ہے؟

(1) قاتل (2) عامل
(3) راہی (4) نمازی

v-شاعر کیا پوچھنے کی بات کر رہا ہے؟

(1) غزل (2) نظم

(3) ردیف (4) قافیہ

## حصّہ (ب) 40

سوال10۔مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کہنی چار سوالوں کے جواب لکھئے: 2x4=8

i-احمد جمال پاشانے کلیم الدین احمد کی تنقیدی اہمیت کے بارے میں کیا لکھا ہے؟

ii-خورشیدالاسلام نے ناول نگاری کی کن زمہ داریوں کو بیان کیا ہے؟

iii-خوجی کا حلیہ بیان کیجئے؟

vi-خوجی اور آزاد کے کرواور میں کیا مطالبقت تھی؟

v- گمنام پہاڑں کے گیسٹ ہاؤس میں سیاح کیوں آئے تھے؟

vi-انسانے میں زندگی کی کس حقیقت کو بیان کیا گیا ہے؟

vii-ہوری کون ہے اور وہ پریم چند کے کس ناول سے تعلق رکھتا ہے؟

viii-شہزارے نے ہوا کی دیوی سے کیا سفارش کی؟

سوال11۔مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کہنی چار سوالوں کے جواب لکھئے: 3x2=6

درج ذیل شعر کی تشریح کیجئے

i- لذت تیرے کلام میں آئی کہاں سے یہ
پوچھیں گے جاکے حالی جادو بیاں سے ہم

ii- کہی سال دہسقاں کیا کہتا ہے

iii-اقبال کی شاعری کا امتیاز کیا ہے؟

iv-روح ارض آدم کا استقبال کیوں کرتی ہے؟

v-شاعر اپنے ماضی کی صبح کو کس لئے یاد کرتا ہے؟

vi-خدانوشت یا آپ بیتی کی تعریف بیان کیجئے؟

سوال12۔درج ذیل میں سے کہنی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: 6

i- گورِغریباں ii-ملک بےسحروشام iii-یادنگر

سوال13۔درج ذیل افسانہ میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے: 5

i-سکون کی نیند ii-بجوکا iii-میں وہ

سوال14۔ دبستان دہلی کی حصوصیات میر اور غالب گے تذکر گے ساتھ کیجئے 5

یا

درج ذیل میں سے کس ایک کی حالات زندگی پر نوٹ لکھئے

i- قرۃالعین حیدر ii-اقبال مجید iii- شفیع جاوید

سوال15۔ ''مرحوم کی یاد میں'' سبق کا خلاصہ لکھئے 5

یا

درج ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے

i- منشی پریم چند ii- آغا حشر کاضمیری

سوال16۔ناول ''بیوہ'' کے اہم کردار کون سے ہیں اور پریم چندان کی عکاسی میں کس حد تک کامیاب ہوتے ہیں؟ 5

یا

ڈراما یہودی کی لڑکی ، کے اہم کرداروں پر تبصرہ کیجئے۔